223

آیات نمبر 7 تا 15 میں کفار کی طرف سے کوئی معجزہ دکھانے کا مطالبہ۔ رسول کا کام محض
اللہ کا پیغام پہنچا دینا ہوتا ہے، معجزہ دکھانا تو اللہ کی مرضی پر منحصر ہے۔ اللہ ہر چیز کا جاننے والا
ہے، اس کے فرشتے ہر شخص کی نگہبانی کرتے ہیں۔ جب اللہ کسی قوم پر مصیبت نازل کرنے کا
فیصلہ کرلے تو نہ کوئی اسے روک سکتا ہے اور نہ کوئی اس قوم کی مدد کر سکتا ہے۔ بادلوں سے
بارش برسانا، بجلی کی گرج و چمک، اور جس پر چاہے بجلی کا گرا دینا سب اللہ کی نشانیوں میں سے
ہیں، وہ بہت زبردست اور قوت والا ہے۔

وَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ط اے پیغمبر
(ﷺ) ! جن لوگوں نے آپ کی رسالت کا انکار کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ اس رسول پر
اس کے رب کی طرف سے بطور نشانی کوئی معجزہ کیوں نہ نازل کیا گیا؟ اِنَّمَآ اَنْتَ
مُنْذِرٌ وَّ لِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ع ﴿٧﴾ رکوع [۱] بے شک آپ کی ذمہ داری تو محض اللہ کے
عذاب سے ڈرانا ہے اور آپ سے پہلے بھی ہر قوم کے لئے ایک رہنما آتا رہا ہے ہیں
اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَ مَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَ مَا تَزْدَادُ ط اللہ تو
وہ ہے کہ ہر ایک مادہ جو کچھ اپنے پیٹ میں اٹھائے ہوئے ہے اسے بھی جانتا ہے اور
رحم میں گھٹنے بڑھنے کی جو تبدیلیاں ہوتی ہے اس سے بھی وہ باخبر رہتا ہے وَ كُلُّ
شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ﴿٨﴾ اور اللہ کے علم کے مطابق ہر چیز کے لیے ایک مقدار
مقرر ہے عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ﴿٩﴾ وہ ہر پوشیدہ اور
ظاہر چیز کا جاننے والا ہے، وہ سب سے بڑا اور عالی مرتبت ہے سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ
اَسَرَّ الْقَوْلَ وَ مَنْ جَهَرَ بِهٖ وَ مَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍۭ بِالَّيْلِ وَ سَارِبٌۢ



بِالنَّهَارِ ﴿۱۰﴾ تم میں سے کوئی شخص خواہ زور سے بات کرے یا آہستہ اور کوئی رات
کی تاریکی میں چھپا ہوا ہو یا دن کی روشنی میں چل رہا ہو، اللہ کے لیے سب برابر ہیں لَهٗ
مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ مِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ ہر شخص
کے آگے اور پیچھے اللہ کے مقرر کردہ محافظ فرشتے ہیں جو اللہ کے حکم سے اس کی
نگہبانی کرتے ہیں اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ
حقیقت یہ ہے کہ اللہ کسی قوم کی حالت اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک وہ خود ہی
اپنے اوصاف و کردار کو نہ بدل ڈالے وَ اِذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ
لَهٗ ۚ اور جب اللہ کسی قوم کو ان کی بداعمالیوں کی وجہ سے مصیبت میں ڈالنے کا ارادہ
کرلے تو پھر اسے کوئی ٹال نہیں سکتا وَ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ﴿۱۱﴾ اور نہ
ہی اللہ کے مقابلے میں اس قوم کا کوئی حامی و مددگار ہو سکتا ہے هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ
الْبَرْقَ خَوْفًا وَّ طَمَعًا وَّ يُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۚ﴿۱۲﴾ وہ اللہ ہی تو ہے جو
تمہارے سامنے بجلیاں چمکاتا ہے جنہیں دیکھ کر تمہیں اندیشے بھی لاحق ہوتے ہیں اور
امیدیں بھی بندھ جاتی ہیں اور وہی تو ہے جو پانی سے لدے ہوئے بادل اٹھا کر لاتا ہے
وَ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ اور بجلی کی کڑک اور
فرشتے سب اس کے خوف سے اس کی تسبیح اور حمد بیان کرتے رہتے ہیں وَ يُرْسِلُ
الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ وَ هُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ ۚ وَ هُوَ شَدِيْدُ
الْمِحَالِ ﴿۱۳﴾ اور وہی بجلیاں بھیجتا ہے، پھر جس پر چاہتا ہے بجلی گرا بھی دیتا ہے لیکن

یہ کفار ان سب نشانیوں کے باوجود اللہ کے وجود کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں

حالانکہ وہ سخت قوت اور تدبیر کا مالک ہے لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ وَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ

لِيَبْلُغَ فَاهُ وَ مَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ اسی کو پکارنا برحق ہے اور جو لوگ اللہ کے سوا

دوسروں کو پکارتے ہیں تو وہ ان کی پکار کا کچھ بھی جواب نہیں دے سکتے، ان کی مثال تو

صرف اس شخص جیسی ہے جو اپنے دونوں ہاتھوں کو پانی کی طرف پھیلائے کہ پانی خود

اس کے منہ تک پہنچ جائے حالانکہ پانی کبھی اس کے منہ تک نہیں پہنچ سکتا وَ مَا

دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۱۴﴾ اور اسی طرح کافروں کا اللہ کے سوا کسی اور کو

پکارنا گمراہی میں بھٹکنے کے سوا کچھ نہیں وَ لِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ

الْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّ ظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ ﴿۱۵﴾ السجدة [السجدہ] وہ

اللہ ہی ہے جس کے سامنے زمین و آسمان کی ہر چیز خوشی سے یا مجبوری سے سجدہ کر

رہی ہے حتیٰ کہ ان سب چیزوں کے سائے بھی صبح و شام اس ہی کے سامنے جھکتے ہیں

[# 223]

In verses 7 to 15, the disbelievers demand a miracle. The role of the Messenger is merely to deliver Allah's message; showing of a miracle is dependent on Allah's will. Allah knows everything, and His angels watch over every person. When Allah decides to send disaster upon a nation, no one can stop it, nor can anyone help that nation. Sending rain from the clouds, the thunder and lightning, and striking with lightning whom He wills, are all among the signs of Allah; He is immensely powerful and strong.

وَيَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَوۡلَاۤ اُنۡزِلَ عَلَيۡهِ اٰيَةٌ مِّنۡ رَّبِّهٖ ؕ

[O Prophet!] Those who disbelieve say, "Why a miracle was not sent down [to this Messenger] from his Lord [as a sign]?"

اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝٧ رکوع[١]

Indeed, your responsibility is merely to Fore-warn people [against Allah's punishment]. And for every nation [before you], there has always been[a prophet sent as] a guide.

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَ مَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَ مَا تَزْدَادُ ؕ

Whereas Allah [is alone who] knows all what every female bears, and what increases and decreases in the womb.

وَ كُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝٨

Everything with Him, is of due proportion [and with precise measurement].

عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَ الشَّهَادَةِ الۡكَبِيۡرُ الۡمُتَعَالِ ﴿۹﴾

He [alone] knows [realms of all the] unseen and the seen; [He is the] All-Great and Most Exalted.

سَوَآءٌ مِّنۡكُمۡ مَّنۡ اَسَرَّ الۡقَوۡلَ وَ مَنۡ جَهَرَ بِهٖ وَ مَنۡ هُوَ
مُسۡتَخۡفٍۢ بِالَّيۡلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ﴿۱۰﴾

It is same for Him, whether any of you speak loudly or quietly, and whether someone is hidden in the darkness of night, or moving about in the light of day.

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنۡۢ بَيۡنِ يَدَيۡهِ وَ مِنۡ خَلۡفِهٖ يَحۡفَظُوۡنَهٗ مِنۡ اَمۡرِ
اللّٰهِ‌ؕ

For each (such person) there are [guardian] angels in succession, before him and behind him: They guard him by command of Allah.

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ

Indeed, Allah does not change the condition of a people until they change what is within themselves [and become disobedient].

وَ اِذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ

And when Allah intends to put a people into distress, because of their misdeeds, then no one can avert it.

وَ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ﴿۱۱﴾

Nor can they find any protector or helper other than Him.

هُوَ الَّذِیْ یُرِیْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّ طَمَعًا وَّ یُنْشِئُ السَّحَابَ
الثِّقَالَ ﴿۱۲﴾ۚ

[Allah] is the One, who flashes lightning before you, causing fear and hope [in your hearts]. And He is the one, who produces [and brings] heavy clouds.

وَ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَ الْمَلٰٓىِٕكَةُ مِنْ خِیْفَتِهٖ ۚ

Thus, Thunder exalt Him with [all] praise and so do the angles, in fear of Him.

وَ يُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ وَ هُمْ يُجَادِلُوْنَ
فِي اللّٰهِ ۚ وَ هُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ﴿١٣﴾

And He sends forth thunderbolts, then strikes with them whomever He so wills. Yet, the disbelievers dispute about Allah, [despite the clear signs] , while He is the Possessor of great strength and wisdom.

لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ وَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا
يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ
لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ

It is only appropriate to call upon Him[alone]. But all those whom they call upon, apart from Him, cannot respond to their calls. It is just like one, who stretches out his palms towards water, [in hope that] it will reach his mouth. But never will it reach.

وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۱۴﴾

So, [too] the invocation of the disbelievers is futile.

وَ لِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّ ظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ ﴿۱۵﴾ [السجده]

To Allah [alone] bow down [in submission] all those, who are in the heavens and the earth, willingly or unwillingly, as do their shadows, in the early morning and in the late afternoons.

This is a verse of prostration; let's prostrate here.